# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 08 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸؍جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ HMPV وبا' سے خوفزدہ نہ ہو کر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ریاستی حکومت کی شہریوں سے اپیل۔

☆ آئندہ سو دنوں میں کیے جانے والے ترقیاتی کاموں کیلئے وزیر اعلیٰ کا افسران کیلئے سات نکاتی ایکشن پروگرام کا اعلان۔

☆ یکم اپریل سے ریاست میں چار پہیہ گاڑیوں کے مالکان کیلئے فاسٹ ٹیگ لازمی۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی دیوی کے شاکمبھری نوراتر تہوار کا آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

HMPV وبا کے پھیلاؤ کی خبروں کے پیشِ نظر ریاستی حکومت نے کہا ہے کہ اس وبا سے گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، تاہم عوام سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ ریاستی وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر اور طبّی تعلیم کے وزیر حسن مشرف نے کل ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ اپیل کی۔ آبٹکر نے بتایا کہ ملک میں گزشتہ سال اس بیماری سے متاثرہ کچھ مریض پائے گئے تھے، اور وہ سبھی مریض اسپتال میں داخل کیے بغیر صحت یاب ہو گئے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ICMR نے فروری 2024 سے دسمبر 2024 کے دوران بھارت میں ممکنہ HNPV وائرس کے آٹھ ہزار باون نمونوں کی جانچ کی تھی۔ ان تمام ٹیسٹوں میں سے 172 ٹیسٹ مثبت پائے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ فروری 2024 سے دسمبر 2024 تک کے تمام معاملات تشویشناک نہیں تھے۔ اور یہ سبھی مریض اسپتال میں داخل ہوئے بغیر صحت یاب ہوئے ہیں۔ آبٹکر نے کہا کہ اس بیماری کو لے کر کوئی غیر ضروری خوف نہیں پھیلنا چاہیے اور میڈیا کو حقائق عوام کے سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔

طبّی تعلیم کے وزیر حسن مشرف نے اس موقع پر وضاحت کی کہ ریاست میں ابھی تک اس بیماری کا کوئی مریض نہیں پایا گیا ہے۔ تاہم، انھوں نے ریاست کے تمام طبّی تعلیمی اداروں کو ضروری ادویات سمیت آکسیجن اور ضرورت پڑنے پر قرنطینہ کے انتظامات تیار رکھنے اور طبّی اداروں کے افسران اور ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کرنے کی ہدایات جاری دیں۔

***** ***** *****

دریں اثنا' چھترپتی سمبھا جی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج و اسپتال (گھاٹی) کے ڈین ڈاکٹر شیواجی سُکرے نے بتایا کہ اسپتال میں تمام طبّی انتظامات دستیاب ہیں، اور کورونا وبا کا سامنا کرنے کے بعد اسپتال کے عملے کو اس کا تجربہ ہوا ہے' لہٰذا موجودہ وبا سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ڈاکٹر سُکرے نے کہا کہ موجودہ حالت میں یہ بیماری اتنی خطرناک نہیں ہے' اس کے باوجود گھاٹی اسپتال میں تمام طبّی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ موجودہ صورتحال میں ڈرنے یا خوفزدہ ہونے کی کوئی ضرورت نہیں' ساتھ ہی مستقبل میں بھی اس بیماری سے ڈرنے جیسی کوئی بات پیش نہیں آئے گی۔ انھوں نے عوام سے اپیل کی کہ ضرورت پڑنے پر اسپتال پہنچ کر ڈاکٹرس سے رجوع ہوں تاہم اپنے طور پر دوائیاں لیکر علاج کرنے سے گریز کریں۔

چھتر پتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت نے کل اس وبا کے تناظر میں طبّی افسر ڈاکٹر پارس منڈلیچا سمیت محکمۂ صحت کے افسران کے ہمراہ ایک میٹنگ کر کے ایچ ایم پی وی سے حفاظت کے اقدامات کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ 4

***** ***** *****

ہنگولی ضلع سرکاری اسپتال میں بھی ایچ ایم پی وی کی صورتحال میں 24 پلنگوں پر مشتمل انتہائی نگہداشت یونٹ تیار کیا گیا ہے، ساتھ ہی ضلع کے ذیلی اسپتال اور دیہی اسپتال میں بھی مریضوں کیلئے کچھ پلنگ مختص کیے گئے ہیں۔ ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے شہریوں سے خوف کا شکار نہ ہونے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس نے ریاست کے تمام افسران کیلئے کل سات نکاتی ایکشن پروگرام کا اعلان کیا۔ انہوں نے آئندہ سو دنوں میں ترجیحی کاموں کے حوالے سے انتظامیہ کو تفصیلی ہدایات بھی جاری کیں۔ وزیر اعلیٰ نے آئندہ 15 اپریل کو اس سلسلے میں کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کی وضاحت بھی کی۔

***** ***** *****

آئندہ یکم اپریل سے ریاست میں چار پہیہ گاڑی مالکان کیلئے فاسٹ ٹیگ لازمی کر دیا جائے گا۔ ریاستی کابینہ کے کل منعقدہ اجلاس کے بعد نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ اطلاع دی۔ یکم اپریل سے گاڑی پر فاسٹ ٹیگ فعال نہ ہونے کی صورت میں گاڑی کے مالک کو کسی بھی صورت میں دوگنا روڈ ٹیکس ادا کرنا لازمی ہونے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔ ریاست میں ایم ایس آر ڈی سی کے 50 ٹول ناکے اور محکمۂ تعمیراتِ عامہ کے 23 ٹول ناکے موجود ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے مسّا جوگ کے سابق سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے بھائی دھننجے دیشمکھ اور دیگر افرادِ خانہ، نے کل وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس سے ملاقات کی۔ رُکنِ اسمبلی سریش دھس اور نمیتا مندڑا بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ نے متوفی سنتوش دیشمکھ کے اہلِ خانہ کو یقین دلایا کہ اس معاملے میں سخت کارروائی کی جائے گی اور کسی بھی قصور وار کو نہیں بخشا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ دیشمکھ خاندان کو جن افسران پر شبہ ہے انہیں خصوصی تحقیقاتی ٹیم میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، سنتوش دیشمکھ کے قتل اور پربھنی کے پُرتشدد واقعات کے خلاف کل لاتور ضلع میں سکل مراٹھا سماج اور کُل جماعتی وِچار منچ کی جانب سے چکّا جام احتجاج کیا گیا۔ جس کی وجہ سے کئی مقامات پر ٹریفک میں رخنہ اندازی ہوئی۔ اس موقعے پر مظاہرین نے دونوں واقعات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور انھیں سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

تلجاپور میں شری تلجا بھوانی دیوی کے شاکمبھری نوراتر تہوار کا کل تلجا بھوانی کی مورتی کی تنصیب کے ساتھ آغاز ہوا۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ عقیدت مندوں کے ہجوم اور ڈھول تاشوں کی گونج میں روایت کے مطابق مندر میں مورتی نصب کی گئی۔ اس نو دنوں کے تہوار کے دوران دیوی کی مختلف طریقوں سے پوجا کی جائے گی اور 11 جنوری کو اس تہوار میں اہمیت کی حامل جل کمبھ یاترا نکالی جائے گی۔

***** ***** *****

یشونت راؤ چوہان مہاراشٹرا اوپن یونیورسٹی کی جانب سے ہر سال دیے جانے والے کُسما گرج قومی اعزازات کیلئے منتخبہ شخصیات کے ناموں کا کل اعلان کیا گیا۔ سال 2022 کے ایوارڈ کیلئے معروف بنگالی شاعرا میتابھ گپتا اور سال 2023 کے ایوارڈ کیلئے آسامی شاعر نیلم کمار کا انتخاب کیا گیا ہے۔ ایک لاکھ روپے نقد، سپاسنامے اور مومنٹو پر یہ ایوارڈ مشتمل ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ناندیڑ ضلعے میں ستمبر 2024 میں شدید بارش اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کی مدد کیلئے 812 کروڑ روپئے کے فنڈ کو منظوری دی ہے۔ متاثرہ کسانوں میں آن لائن طریقے سے یہ رقم تقسیم کی جائے گی۔ امداد سے محروم بقیہ چار لاکھ کسانوں کی معلومات آئندہ دو دنوں میں پُر کرنے اور متاثرہ کسانوں سے ای۔ کے وائی سی کی کارروائی مکمل کرنے کی اپیل ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے کی ہے۔

***** ***** *****

امباجوگائی کے یوگیشوری تعلیمی ادارہ کے زیرِ انصرام سوامی رامانند تیرتھ کالج میں کل 9 جنوری کو پرنسپل بی۔ کے سبنیس ریاستی سطح کے تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ بزرگ مفکر جے دیو ڈوڑے کی موجودگی میں ان تقریری مقابلوں کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ ریاست کے سینئر کالجوں کے طلبہ سے ان مقابلوں میں حصہ لینے کی اپیل منتظمین نے کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑہ میں منعقدہ مہاراشٹر جیونونّتی مہم کے تحت خرید وفروخت نمائش کو عوام کی بہتر پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ اس نمائش میں دستکاروں کے تیار کردہ ملبوسات، خوردنی اشیا، مسالہ جات اور دیگر ضروریاتِ زندگی کی اشیا وساز وسامان کے اسٹالس لگائے گئے ہیں۔ آئندہ 10 جنوری تک یہ نمائش سبھی کیلئے کھلی رہے گی۔

***** ***** *****

بیڑ کے ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک نے کہا ہے کہ راستوں پر تحفظ سے متعلق بچوں کو ہی اپنے سرپرستوں کو ترغیب دینے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ کل راستہ تحفظ مہم کے افتتاح کے موقع پر وہ مخاطب تھے۔ گیورائی میں لال بہادر شاستری چوک سے اس مہم کی کل شروعات کی گئی۔ اس موقع پر طلبہ نے عوامی بیداری ریلی بھی نکالی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تیرنا آبی پشتے کے دائیں اور بائیں کینال کے درستی کے کاموں کا معائنہ کل رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ کام آخری مرحلے میں ہے اور اس کے ذریعے سے علاقے کے سات گاؤں کے ڈیڑھ ہزار سے زیادہ ہیکٹر رقبہ سیراب کیا جاسکے گا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم فصل بیمہ اسکیم کے تحت ربیع ہنگام 2024 میں کسانوں کی شمولیت کیلئے آئندہ 15 جنوری تک اندراج کیا جاسکتا ہے۔ کسانوں سے جلد از جلد اس کیلئے اندراج کرنے کی اپیل لاتور کے ضلع زرعی سپرنٹنڈنٹ افسر رمیش جادھو نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ HMPV وبا' سے خوفزدہ نہ ہو کر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ریاستی حکومت کی شہریوں سے اپیل۔

☆ آئندہ سو دنوں میں کیے جانے والے ترقیاتی کاموں کیلئے وزیر اعلیٰ کا افسران کیلئے سات نکاتی ایکشن پروگرام کا اعلان۔

☆ یکم اپریل سے ریاست میں چار پہیہ گاڑیوں کے مالکان کیلئے فاسٹ ٹیگ لازمی۔

اور۔۔۔☆ تلجا بھوانی دیوی کے شاکمبھری نوراتر تہوار کا آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****